# شب برات

## رحمت مغفرت و برکت کی رات

مرتب: مصلح امت حضرت ابو رجاء سید شاہ حسین شہید اللہ بشیر بخاری نقشبندی و قادری رحمۃ اللہ علیہ

### ☆شب بیداری کی فضیلت:

تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ (السجدہ)

(راتوں کو) ان کے پہلو بستر سے الگ رہتے ہیں

روایت میں آیا کہ قیامت کے دن منادی اعلان کرے گا کہ، کہاں ہیں وہ لوگ جن کے پہلو بستروں سے الگ رہتے تھے۔اور اللہ کے حضور کھڑے ہو جاتے تھے اسکا تقرب چاہتے تھے۔ یہ آواز سن کر کچھ لوگ کھڑے ہو جائیں گے اور بغیر حساب کتاب جنت میں چلے جائیں گے۔اس کی بعد باقی مخلوق کا حساب لیا جائے گا۔

ہم کو چاہئے کہ راتوں کو اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے گناہوں کی معافی کے لئے توبہ واستغفار کرتے رہیں۔کچھ نہ کچھ راتیں اللہ کے حضور آہ وزاری، مناجات، سحر گاہی میں گذاریں۔ سیدنا محدث دکن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تہجد گذار لوگ خوبصورت ترین لوگ ہوتے ہیں کہ انہوں نے اللہ کے ساتھ خلوت کی ہے۔اللہ کا نور ان کو ڈھانک لیتا ہے۔ قیامت کے دن ایسے نورانی ہوں گے جیسے اندھیری رات میں چراغ (مواعظ حسنہ)۔

### ☆شب برات:

اسلام میں چند مقدس راتیں ایسی بھی ہیں جن میں ایک شب برات یعنی پندرھویں شعبان ہے جو رحمت، مغفرت اور برکت کی رات ہے۔اس رات عبادات، تلاوت کلام پاک، اذکار، درود و سلام میں مشغول رہنا باعث برکت ہے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ آقائے دو جہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب شعبان کی پندرھویں شب ہو تو اس کی رات میں قیام کرو اور اس کے دن میں روزہ رکھو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس رات سورج ڈوبتے وہی آسمان دنیا کی طرف نزول فرماتے ہیں اور ارشاد باری ہوتا ہے کہ، ہے کوئی مغفرت چاہنے والا کہ میں اس کی بخش دوں، ہے کوئی رزق چاہنے والا کہ میں اس کو رزق عطا کروں، ہے کوئی بیمار کہ میں اس کو شفا دوں، ہے کوئی ایسا، یہاں تک کہ فجر تک (ندائیں ہوتی رہتی ہیں)

### ☆شب برات میں اللہ تعالیٰ بنو کلب کی بکریوں کے بالوں سے زیادہ لوگوں کہ مغفرت فرمادیتے ہیں:

ام المؤمنین حضرت سیدتنا عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ شب برات بنو کلب کی بکریوں کے بالوں کی تعداد سے زیادہ لوگوں کی مغفرت فرمادیتے ہیں (ترمذی شریف)

### ☆شب برات میں زیارت قبور کا ثبوت:

شب برات کو حضور ﷺ نے جنت البقیع کے مردوں کے مغفرت کی دعا فرمائی۔ حضور ﷺ کا شب برات میں بقیع کے قبرستان کے مرحومین کے لئے دعا کرنا جس سے شب برات میں زیارت قبور کا ثبوت ملتا ہے۔

## ☆شب برات میں صلوۃ التسبیح:

شب برات میں صلوۃ التسبیح کا پڑھنا باعث برکت ہے۔

☆صلوۃ التسبیح کا طریقہ: یہ ہے کہ صلوۃ التسبیح کی نیت سے (4) رکعت اسطرح ادا کریں کہ تکبیر تحریمہ اور ثنائ کے بعد (15) مرتبہ تسبیح پڑھیں سبحان اللہ والحمد اللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر پھر تعوذ، تسمیہ، سورہ فاتحہ، ضم سورہ کے بعد (10) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے، پھر رکوع میں سبحان ربی العظیم کے بعد (10) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے، رکوع سے سر اٹھا کر تسمیع و تحمید کے بعد (10) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے، پھر پہلے سجدہ میں سبحان ربی الاعلی کے بعد (10) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے، اور دونوں سجدوں کے درمیاں جلسہ میں بیٹھ کر (10) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے، اور دوسرے سجدے میں بھی سبحان ربی الاعلی کے بعد (10) مرتبہ یہی تسبیح پڑھے، اسطرح ہر رکعت میں (75) مرتبہ پڑھے۔ چار رکعتوں میں (300) مرتبہ یہی تسبیح پڑھی جائے گی۔ صلوۃ التسبیح کی نماز کی فضیلت میں آیا ہے کہ اگر تمہارے گناہ روئے زمین کے لوگوں کے گناہوں سے بھی زیادہ ہوں تو اللہ تعالیٰ اس نماز کی بدولت بخش دیتا ہے۔

## ☆شب برات میں 3 مرتبہ سورہ یٰس پڑھنے کی فضیلت:

بزرگان دین نے شب برات میں تین مرتبہ سورہ یٰس پڑھنے کی ترغیب دلائی ہے اور طریقہ یہ بتلایا ہے کہ چھ رکعات نماز نفل ادا کرکے ہر دو رکعات کے بعد سلام پھیرے اور ہر رکعات میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص (6) مرتبہ پڑھے اور نماز کے بعد سورہ یٰس پڑھکر دعا کرے۔ پہلی مرتبہ سورہ یٰس کے بعد عمر میں اضافہ کی دعا کرے، دوسرے سورہ یٰس پڑھنے کے بعد رزق میں برکت کے لئے دعا کرے۔ اور تیسری مرتبہ سورہ یٰس پڑھ کر بیماریوں سے شفا کے لئے اور خاتمہ بالخیر کے لئے دعا کرے۔ دعا عبادت کا مغز ہے۔ سیدالانبیائ والمرسلین محبوبیت کے اعلی مقام پر فائزرہ کر بھی امت کو عاجزی وانکساری کت ساتھ دعا کرنے کی پیاری تعلیم دی۔

## ☆شب برات کی مخصوص دعائیں:

ABUL FIDA ISLAMIC RESEARCH CENTRE

☆ اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ

☆ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَافِیَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّآئِمَةَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

حضرت سیدنا عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ کو شب برات میں یہ دعا کرتے ہوئے سنا

☆اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ جَلَّ وَجْھُكَ لَآ اُحْصِیْ ثَنَآءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ

☆سَجَدَلَكَ خَیَالِیْ وَسَوَادِیْ وَاٰمَنَ بِكَ فُؤَادِیْ فَھٰذِہٖ یَدِیْ وَمَا جَنَیْتُ بِھَا عَلٰی نَفْسِیْ یَا عَظِیْمُ تَرْجیْ لِكُلِّ عَظِیْمٍ اِغْفِرِ الذَّنْبَ الْعَظِیْمَ سَجَدَ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ خَلَقَهٗ وَ شَقَّ سَمْعَهٗ وَبَصَرَهٗ

## ☆سلف صالحین سے شب برات میں مندرجہ ذیل معمولات بھی منقول ہیں:

☆اس رات (14) رکعات نماز ادا کرے۔ بعد نماز سورہ فاتحہ 14 مرتبہ، سورہ اخلاص 14 مرتبہ، سورہ فلق 14 مرتبہ، سورہ ناس 14 مرتبہ، اور ایک مرتبہ آیت الکرسی اور سورہ توبہ کی اخیر آیت لَقَدْ جَآئَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ o فَاِنْ تَوَلَّوْ فَقُلْ حَسْبِيَ اللهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ تلاوت کرنے والے کو 20 مقبول حج اور 20 سال کے مقبول روزوں کا ثواب ملے گا۔

☆اس رات قضا نمازیں ادا کرنے کی کوشش کریں ☆سورہ دخان کی تلاوت کریں

☆کم از کم 100 مرتبہ دعائے حضرت یونس عليه السلام لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

☆کم از کم 100 مرتبہ استغفار اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

☆کم از کم 100 مرتبہ درود شریف اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

☆8 رکعت نماز قیام اللیل (تہجد) ادا کریں

اس رات اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کی مغفرت فرماتا ہے سوائے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) مشرک | 2) عداوت و بغض کینہ کرنے والا | 3) ماں باپ کا نافرمان | 4) قتل و غارت کرنے والا |
| 5) رشتوں ناطوں کو توڑنے والا | 6) تکبر کرنے والا | 7) شراب پینے والا | 8) چغلی غیبت کرنے والا |

ہاں جو سچے دل سے ان گناہوں سے توبہ کرلے اور آئندہ کرنے کا ارادہ کرلے تو اس کو اللہ تعالیٰ معاف فرمادیتے ہیں۔

**اس مبارک رات آتشبازی، کھیل کود، گھومتے پھرتے رہنے سے پرہیز کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس رات کی برکتوں سے مالامال کرے آمین**

مزید تفصیلات کے لئے:

ڈاکٹر حافظ سید شاہ خلیل اللہ بشیر اویس بخاری نقشبندی

+91 74163 87879    khaleelullah@afirc.org

ABUL FIDA ISLAMIC RESEARCH CENTRE